آپ ہم پہ حکومت کر لو۔ جناب سپیکر، اسی کے ساتھ جڑی ایک بات کراچی کی کہ جناب سپیکر صاحب، وہاں پہ کراچی میں جو بے بس اور لاچار ایک پٹھان جب گیا اور اس نے وہاں پہ اپنی ایک دنیا بسائی، اپنی بے روزگاری کو اس نے روزگار میں تبدیل کیا تو آج وہاں کی ماما، دادا جو منافق جماعت، جو بد معاشوں کی جماعت ہے، جو منافقوں کی جماعت ہے، جس کو ایم کیو ایم کہتے ہیں تو انہوں نے ہمارے پٹھانوں کا وہاں پہ خون بے دردی سے بہانا شروع کر دیا ہے جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، اگر اس جماعت کو نہ روکا گیا تو نہ صرف سندھ بلکہ بلوچستان، پنجاب اور خیبر پختونخوا جو کہ ہمارا صوبہ ہے، جس کی دھرتی پہ ہم رہتے ہیں اور جس کی دھرتی کا ہم پہ قرض ہے، جناب سپیکر صاحب، یہاں سے ایک قرار داد متفقہ طور پہ جانی چاہیئے کہ ان لوگوں کو جو وہاں پہ ٹارگٹ کلنگ کر کے ہمارے پٹھانوں کو بے دردی سے قتل کر رہے ہیں، پٹھان ہو، پنجابی ہو، بلوچی ہو یا سندھی ہو، ان کا پورے پاکستان پہ حق ہے کہ وہ کہیں بھی جا کے بس سکتا ہے، وہ کہیں بھی جا کے روزگار کر سکتا ہے اور وہ کہیں بھی جا کے سیاست کر سکتا ہے۔ ایم کیو ایم کو اب یہ پڑ گئی ہے کہ کہیں یہ پٹھان ہمیں قدموں تلے نہ روند لیں اور جناب سپیکر صاحب، ایسا ہو گا۔ جب کسی کو دیوار کے ساتھ لگا دیا جاتا ہے تو وہ پھر دیوار سے آگے آتا ہے اور انہیں کے منہ پہ تھپڑ مار کے اپنا حق ان سے لیتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں آخر میں یہی کہوں گی کہ ہمارے پٹھانوں کا جس بے دردی سے خون سندھ سے لیکر خیبر تک جو بہہ رہا ہے، اس کیلئے کوئی لائحہ عمل ہونا چاہیئے۔ ہمارے بچے، ہماری جانیں، ہمیں اس کی کوئی پرواہ نہیں ہے کہ یہ درندے، یہ سفاک، یہ انسانیت کے قاتل کیونکہ موت جہاں پہ آنی ہے، اس کو کوئی نہیں روک سکتا اور جہاں پہ لکھی ہوئی ہے تو وہاں پہ اس موت نے آنا ہے اور موت نے ہمیں وہیں پہ اپنی لپیٹ میں لینا ہے، جناب سپیکر صاحب، ہم ان لوگوں سے نہیں ڈرتے اور ہم ان کا مقابلہ آخری دم تک کریں گی لیکن جناب سپیکر صاحب، مرکز کو ایک ایسی قرار داد متفقہ طور پہ اس ہاؤس سے جانی چاہیئے کہ ایم کیو ایم کو روک تھام، ان کی لگام کو ذرا کھینچ لی جائے اور وہاں پہ پٹھانوں کا جو خون بہہ رہا ہے، تو کہیں ایسا نہ ہو کہ ایم کیو ایم کا کوئی بندہ اٹک کے اس پار آئے تو زندہ واپس نہ جائے۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: شگفتہ ملک بی بی۔ یہ قرار داد کی جو بات ہو رہی ہے بشیر بلور صاحب،۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: سر، ڈرافٹ ہو رہی ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: ڈرافٹ، وہ آپ متفقہ طور جو کر رہے ہیں، وہ ڈرافٹ کر لیں جلد۔ جی شگفتہ ملک بی بی۔

محترمہ شگفتہ: ډیره مننه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، تیره ورځ چه د میاں صاحب هغه یو ناویاته ځوئے راشد چه کومے بے دردئ سره شهید کړے شوے دے او کوم ظلم شوے دے، د ظلم انتها شوے ده، د هغے چه څومره هم په سختو ټکو کښے غندنه اوکړو نو هغه کمه ده۔ سپیکر صاحب، میاں صاحب د موجوده حکومت د یو ترجمان په حیث د دے عوامو، د پختونخوا د عوامو او د دے حکومت نمائندگی کړے وه۔ میاں صاحب د باچا خان د عدم تشدد د فلسفے د یو پیروکار په حیث باندے نمائندگی کوله۔ میاں صاحب کله دے خلقو پسے ټوپک نه وو راغستے سپیکر صاحب، چه دے خلقو د دهٔ ځوئے په یو داسے طریقه شهید کړو چه په تاریخ کښے به داسے ظلم نه وی شوے کوم چه د میاں صاحب د ځوی سره شوے دے او د میاں صاحب ځوئے، که څوک دا وائی چه د میاں صاحب یو ځوئے وو او د میاں صاحب دا ځوئے به مونږ ختم کړو او دے سره به میاں صاحب کمزورے شی نو دا د دے خلقو غټه غلط فهمی ده۔ که دوئ یو راشد مړ کړو، که دوئ یو راشد شهید کړو نو په لکهونو تعداد کښے راشد به د میاں صاحب مخے ته ولاړ وی۔ عوامی نیشنل پارټی یو داسے پارټی ده چه همیشه ئے د عدم تشدد خبره کړے ده۔ عوامی نیشنل پارټئ د لیډرشپ نه واخله، میاں صاحب دلته مونږ سره ناست وی، دلته مونږ سره بشیر خان ناست دے، تاسو کتلی دی چه په لکهونو تعداد کښے زمونږه بچی شهیدان کړے شوی دی او زمونږ مشرانو نه واخله په دے معزز ایوان کښے چه زمونږ کوم ورونړه عالمزیب شهید شو، ډاکټر شمشیر شهید شو او داسے زمونږ نور په لکهونو تعداد کښے ځوانان شهیدان شو، زمونږه بشیر خان، زمونږه اسفندیار خان باندے چه کومے حملے اوشوے، د دوئ دامقصد وو چه دا خلق به شا ته شی خو دا میسج ورکوم چه د عوامی نیشنل پارټئ یو غړے به انشاء اللّٰه د دے نه نه شا ته کیږی۔ که دا راشد دوئ شهید کړو، دوئ ته به په لکهونو تعداد کښے راشد ملاویږی خو زهٔ حوصلے سره دا خبره کوم چه دا خلق چه په شا ولاړ دی او په شا وار کوی نو دوئ له پکار وو چه دوئ داسے مخے ته راغلے وے څنگه چه میاں صاحب به د میډیا مخے ته راتلو، څنگه به چه میاں صاحب د خلقو مخکښے خبره کوله او میاں صاحب د عدم تشدد خبره کړے وه، میاں صاحب همیشه د امن خبر کړے ده، میاں صاحب

همیشه د یو ترجمان په حیث د دے صوبے د عوامو د پاره خبره کړے وه۔ د میاں صاحب ځوی سیاست نه کولو، هغه سیاسی جلسے نه کولے خو انتهائی د افسوس خبره ده چه په داسے حالاتو کښے هم مونږه مذمت خو کوؤ، مونږه طالب وایو، مونږه د هغوئ خلاف خبره نه کوؤ۔ مونږه دهشتگردئ ته ولے دهشت گردی نه وایو؟ ولے نه وایو چه دا دهشتگرد دی؟ دا د ملک، دا د دے پښتنو دشمنان دی؟ دا یو سازش دے؟ دا ټولو سیاسی ګوندونو له پکار دی، دلته زما د اپوزیشن ورونړه ناست دی، دلته زمونږه د پیپلز پارټئ مشران ناست دی، پکار دا ده چه مونږ.په د یو موټے شوا و مونږ د دے خلاف آواز اوچت کړو۔ زهٔ بیا وایم چه عوامی نیشل پارټی واحد پارټی ده چه که د دے تر څو پورے یو ورکر هم موجود وی، که تر څو پورے یوه ښځه هم د عوامی نیشنل پارټئ د یو ورکر په حیث موجود وی نو انشاء اللّٰه زمونږ دا امید دے چه دا اخلق به کمزورے کیږی او د دے خلقو ناکامی د دے ورځے نه ثابته شوه چه په شا باندے دوئ وار کوی او په ماشومانو وار کوی۔ یو ماشوم بچے چه تاسو شهید کوئ، په ښځو باندے تاسو حملے کوئ نو د دے نه ستاسو بے غیرتی او ستاسو بزدلی ثابیتیږی۔ زهٔ په دے ایوان کښے یو ځل بیا تاسو ته خواست کوم چه پکار دا ده چه ټولے سیاسی پارټئ، ټول سیاسی ګوندونه یو موټے شی او د دے خلاف آواز اوچت کړی۔ میاں صاحب همیشه چه په دے صوبه کښے، په دے ملک کښے چه څومره خلق شهیدان شوی دی، د هغوی د پاره راپاسیدلے دے، د هغوی خلاف هغه آواز پورته کړے دے۔ پکار دا ده چه نن ټول سیاسی ګوندونه او پوره پښتون قوم راپاسی او هغه د دے خلاف آواز اوچت کړی چه دا ظلم شوے دے، دا زیاتے شوے دے۔ په آخره کښے د راشد چه زمونږ د ټولو ورور وو، د دے قوم بچے وو، د میاں صاحب ځوئے وو، فخر پرے کوؤ مونږ او انشاء اللّٰه تعالیٰ حیله لرم چه په راتلونکی وخت کښے به دا ټول خلق د دوئ دا کوم زور چه دے، دا به موجوده حکومت ماتوی۔ د موجوده حکومت چه کومے ستړے دی، د موجوده حکومت چه کومے کامیابئ دی، دا به دوئ ماتوی او انشاءاللّٰه دوئ به وروستو کیږی۔
په آخره کښے یو شعر چه همیشه وایم:

؎ وائی شهیده خور د په ګولو سوری ټټر نه قربان

چه پرے اسونه دا نګیدلے هغه سر نه قربان
ے   او خدایا سپرلے کړے چه دا سرے وینے ګلونه شی بیا
د خوئیندو مئندو لوپټے سره نشانونه شی بیا
ډیره مننه۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: جناب سید ظاہر علی شاہ صاحب۔

<u>سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت)</u>: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، جو واقعہ آج سے دو روز پہلے رونما ہوا اور جس میں ہمارے میاں صاحب کے صاحبزادے کی شہادت ہوئی اور آج پھر ایک اسی قسم، اس سے بدترین قسم کا واقعہ رونما ہوا جس میں کافی لوگوں کی جانیں گئیں، اس کی ہم جتنی بھی مذمت کریں تو وہ کم ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ آج جو وقت اس صوبے کے اوپر ہے تو اس میں ہمیں چاہیئے کہ اپنی سیاسی مفادات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس مسئلے میں، کیونکہ ایک ایسی جنگ کا، ایسی دہشت گردی کا ہمیں سامنا ہے کہ جس کا ہم سب نے مل کر جب تک مقابلہ نہ کیا تو شاید ہمیں وہ نتائج نہیں مل سکیں جس کی ہم خواہش رکھتے ہیں۔ یہاں پہ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ میاں صاحب کے اس غم میں ہم سب برابر کے شریک ہیں لیکن ساتھ ساتھ یہ بھی ہے کہ کراچی کے جو واقعات ہیں، اس کی بھی ہم مذمت کرتے ہیں لیکن اس کیلئے جیسے درانی صاحب نے کہا کہ ایک قرارداد قومی اسمبلی میں پاس ہوئی ہے تو اسی حوالے سے ہمیں چاہیئے کہ یہاں پہ صوبے میں تمام سیاسی جماعتوں کو اکٹھا کر کے اس کے اوپر ایک بحث ہونی چاہیئے اور تمام لوگوں کو، جو چاہے پارلیمنٹ کے اندر ہیں، چاہے پارلیمنٹ سے باہر ہیں، اس کے اندر شامل کیا جائے کیونکہ یہ ایسی جنگ ہے جس میں ہم سب کو ایک جگہ ہونا پڑے گا اور اسی میں ہماری کامیابی ہوگی۔ اس میں میں نہیں سمجھتا ہوں کہ یہاں پہ پوائنٹ سکورنگ کی جائے یا سیاسی طور پر اس سے اپنے جو پوائنٹ سکورنگ ہے، اسے ایسا سمجھا یا جائے۔ یہ دہشت گردی تمام، آج اگر میاں صاحب کے بیٹے راشد حسین کی بات ہو رہی ہے، خدا بہتر جانتا ہے کہ کل کس کی بات ہو رہی ہوگی؟ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ بحیثیت پیپلز پارٹی ہم نے جیسے کہ ہمارے اے این پی کے بھائیوں نے قربانی دی ہے، پیپلز پارٹی نے بھی اس میں قربانی دی ہے اور وہ قربانی تو شروع ہوئی ہے محترمہ بے نظیر بھٹو کے نام سے کہ جو اس دہشت گردی کا شکار ہوئیں اور آج اس ملک میں جو حالات ہیں تو وہ آپ کے سامنے ہیں۔ میں اس بحث میں نہیں جانا چاہتا کہ کس نے کیا قربانی دی اور کس نے کیا قربانی دی؟ لیکن قربانیاں سب نے دی ہیں لیکن اس وقت

ہمیں اتحاد کی ضرورت ہے۔ جب تک ہم اکھٹے ہو کر، ایک مٹھی کی طرح ہو کر اس چیز کا مقابلہ نہیں کریں گے تو جیسا میں نے پہلے کہا کہ شاید ہمیں وہ نتائج نہ مل سکیں۔ تو اس سلسلے میں میری جناب سپیکر، آپ سے بھی درخواست ہے، آپ سے درخواست ہے کہ آپ کی وساطت سے ایک ایسے جرگے کا اہتمام کیا جائے کہ اس صوبے کے اندر، جس میں تمام جماعتیں جو پارلیمنٹ کے اندر ہیں یا پارلیمنٹ سے باہر ہیں، اس اسمبلی کے اندر ہیں یا اس سے باہر ہیں، ان کو آن بورڈ لیا جائے کیونکہ جس طرف یہ معاملات جارہے ہیں تو یہ کوئی اچھے Signs نہیں ہیں اور یہ ہمارے سب بھائی بیٹھے ہیں، بزرگ بیٹھے ہیں، بہنیں بیٹھی ہیں، کل کسی کے ساتھ یہ واقعہ پیش آ سکتا ہے لیکن ہمارا ایک عزم ہے، ہم اس سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ جب سے یہ حکومت وجود میں آئی ہے تو اسی حکومت نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ اس کے خلاف ہم اٹھیں گے اور یہ کارروائی کریں گے اور جس کے تحت ہم آج تک چل رہے ہیں اور انشاء اللہ ہمارا یہ عزم آخر تک ایسا رہیگا۔ اس سلسلے میں ہماری جو جو Requirements ہیں لاء اینڈ آرڈر سچویشن کو سنبھالنے کے حوالے سے، پولیس کی جو Strength ہے، اس کو بڑھانے کے حوالے سے، ان کو Equip کرنے کے حوالے سے مرکزی حکومت پوری طریقے سے ہمارے ساتھ مدد کر رہی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہمیں آپس میں بھی ایک صلاح مشورہ ضرور کرنا پڑے گا تاکہ اس مسئلے کا ایک صحیح اور جامع حل نکالا جا سکے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب منور خان ایڈوکیٹ صاحب۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: شکریہ، جناب سپیکر۔ میاں صاحب کے بیٹے کی شہادت کی خبر جب ٹی وی پہ چلی، میرے حجرہ لکی مروت میں جتنے بھی لوگ تھے، وہ میاں صاحب کو جانتے بھی نہیں لیکن جو دکھ ان کے بیٹے کی شہادت پہ ان کو ہوا بلکہ مجھے یقین ہے کہ صوبے کا ہر فرد اس پہ دکھی ہے اور ہم اس وقت صرف یہ دعا کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ افتخار کو صبر دے اور ان کے بیٹے کو جنت میں جگہ دے۔ یہاں پہ سر، میں ایک بات کہنا چاہتا ہوں کہ آج شاید اسمبلی کے نالج میں یہ بات میرے خیال میں نہیں ہو گی کہ رات کے ایک بجے میرے حجرے میں بھی دو دھماکے ہوئے ہیں لیکن اللہ کا فضل ہے کہ اس میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ میں یہاں پر حکومت سے بلکہ حکومت کے نالج میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ اخباروں میں اور ان کے بیانات میں یہ بات بار بار دہرائی جاتی ہے کہ ہم نے طالبان کا قلع قمع کر دیا ہے لیکن ایسا نہیں ہے اور گورنمنٹ اب جو سستی دکھا رہی ہے سر، وہ Reorganize ہو رہے ہیں اور انہوں نے اب طریقہ واردات بھی تبدیل کیا ہے، تو حکومت سے میری یہ گزارش ہو گی کہ جس طریقے سے پہلے ان لوگوں کے

خلاف آپریشن یاایکشن لیاکرتے تھے، میری ریکویسٹ ہو گی کہ وہ اس بناء پر نہ بیٹھیں کہ ہم نے ان کاقلع قمع کر دیا ہے، اگر کچھ تعداد میں یہ باقی ہیں توان کو چاہیئے کہ ان کے خلاف اسی طرح ایکشن لیں جیسے میں اپنے لکی مروت میں بلکہ اپنے حجرے کی بات کرتا ہوں، حالت یہاں تک ہے کہ ڈسٹرکٹ ڈی پی او24 hours دفتر میں تو نہیں بیٹھتا، گھر میں بیٹھا رہتا ہے اور وہ اتناڈرا ہوا ہے کہ نہ باہر نکلتا ہے بلکہ ابھی تو انہوں نے آفس میں بھی آنا بند کر دیا ہے۔ سر، اب اگر ایک ڈسٹرکٹ کا ڈی پی او جس کو حکومت نے ایک ڈسٹرکٹ حوالہ کیا ہے اور وہ اتناڈرا ہوا ہے اور وہ اپنے آفس میں نہیں بلکہ اپنے گھر میں بیٹھا رہتا ہے تو عوام کا انجام کیا ہو گا؟اور سر، ان کی جو بات ہم تک پہنچی ہے، وہ کہہ رہے ہیں کہ حکومت ابھی تبدیل نہیں کرتی، مجھے تبدیل کریں یہاں سے، سر۔ اب اس کا بدلہ یہ لے رہے ہیں کہ انہوں نے آفس آنا بھی چھوڑ دیا ہے۔ اگر ان کو حکومت تبدیل نہیں کرتی تو کیا وہ عوام پھر دوبارہ ان لوگوں کے حوالے کریں گے ؟ تو میری ریکویسٹ ہو گی یہاں حکومت میں بیٹھے ہوئے لوگوں سے کہ اگر تبدیل نہیں کر سکتے ان کی خواہش کے مطابق، وہ بار بار یہی کہہ رہے ہیں کہ رمضان میں میں نے فارن جانا ہے اور میں نے مزید یہاں پر اپنے آپ کو نہیں مروانا، تو میں بلور صاحب سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ لکی مروت کے ڈی پی او کو کم از کم یہاں سے تبدیل کیا جائے اور کوئی ایساڈی پی او وہاں پر لایا جائے کیونکہ ان کی خواہش ہے کہ مجھے تبدیل کیا جائے، ان کی اپنی خواہش ہے، سر۔ جب ان کی خواہش ہے تو سر، کم از کم وہ آفس میں نہ آتے ہیں اور یہاں پر کم از کم کوئی ایسا علاقہ دیں جہاں پر وہ خوش ہوں لیکن لکی مروت کے عوام کو کم از کم ان کے حوالے نہ کریں۔ سر، دوسری بات کراچی کے ایم کیو ایم کے بارے میں ہے، میں تو یہاں تک کہتا ہوں کہ ایک وقت تھا کہ یہ مہاجر، پٹھان کے نام سے ڈرا کرتے تھے، جب بچوں کو خاموش کیا کرتے تھے تو کہتے تھے کہ پٹھان آگیا ہے، پختون آگیا لیکن افسوس کہ آج اس صوبے میں پختونوں کی حکومت بھی ہے لیکن وہاں کراچی میں بیٹھے پختون بے سہارا بیٹھے ہیں۔ چاہیئے تو یہ سر، کہ یہاں سے کم از کم ایک ایسی ریزولیوشن پاس ہو جائے، ورنہ پیپلز پارٹی کی یہاں بیٹھی ہوئی قیادت کو میں ریکویسٹ کرونگا کہ جو پہلے ایک جنرل تھے، میرے خیال میں خدا ان کو سلامت رکھے، اب بھی زندہ ہیں، ان کو دوبارہ کراچی بھیجا جائے تاکہ وہاں کے جو مہاجر ہیں، ایک ہی پٹھان ان کیلئے کافی ہے سر، اور میرے خیال میں پٹھان جب بھی کسی ایک کام پہ لگ جاتا ہے تو انشاء اللہ اپنے انجام کو وہ خود پہنچ جاتا ہے۔ تو یہی ریکویسٹ ہے میری کہ کم از کم ظاہر علی شاہ صاحب اگر نصیر اللہ بابر سے یہ ریکویسٹ کریں کہ وہ ادھر چلے جائیں اور ان مہاجروں کا کوئی بندوبست کریں۔ تھینک یو، سر۔

جناب سپیکر: میاں نثار گل صاحب!

میاں نثار گل کاکاخیل: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، آج میاں افتخار صاحب کے متعلق اور میاں راشد صاحب کے متعلق جو باتیں ہو رہی ہیں، یقین کریں کہ کل یہ واقعہ جب کسی نے بھی سنا تو میرے خیال میں ایسا کوئی گھر نہیں ہوگا، ایسا کوئی بندہ نہیں ہوگا کہ جس نے یہ سوچا نہ ہو کہ میاں افتخار جن کی دو ڈھائی سال تک ان دہشت گردوں کے خلاف جو قربانیاں تھیں تو اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ان قربانیوں کے صلے میں ان کے بیٹے کو جام شہادت نصیب ہوا۔ جناب سپیکر، مجھے ایک ایم پی اے کے وہ الفاظ یاد ہیں، لاسٹ اسمبلی میں میاں افتخار صاحب اس طرف سے بول رہے تھے تو ایک ایم پی اے صاحبہ نے کہا کہ میں آپ کی اسلئے عزت کر رہی ہوں کہ آپ نے دو ڈھائی سال جس جوانمردی اور جس طریقے سے دہشت دگروں کا مقابلہ کیا تو میں یہ نہیں چاہتی کہ اسمبلی فلور پر آپ کو جواب دوں، تو جناب، ان الفاظ کے ساتھ وہ مطالبہ بھیج دیں۔ آج میاں صاحب اپنے گھر میں بیٹھے تعزیت کر رہے ہیں لیکن یہ بات قابل افسوس ہے کہ ان دہشت گردوں نے یہ بھی نہیں سوچا کہ ان کے ہاں پورے پاکستان سے مہمان آ رہے ہیں، جگہ جگہ سے آ رہے ہیں، آج انہوں نے دوبارہ ان پر حملہ کیا لیکن جناب سپیکر، یہ ہمارا ملک ہے، یہ ہمارا صوبہ ہے، اس ملک میں ہمیں جینا ہے اور اس ملک میں ہم نے مرنا ہے، خواہ دہشت گرد جتنے بھی بم دھماکے کریں، خواہ دہشت گرد جتنے بھی فائرنگ کریں لیکن ہم نے اس ملک میں رہ کے ان کا مقابلہ کرنا ہے۔ جناب سپیکر، مجھے پتہ ہے کہ ایک باپ کی ایک بیٹے کے ساتھ کتنی محبت ہوتی ہے؟ مجھ پر جب دہشت گردوں نے درہ آدم خیل میں حملہ کیا تھا اور جب صبح میں نے سانس لیا تو میرے پہلے الفاظ یہ تھے کہ مجھے اپنے بیٹوں کے ساتھ ملاؤ۔ اللہ تعالیٰ نے میاں افتخار کو ایک ہی بیٹا دیا تھا اور مجھے اس بات پر فخر ہے کہ آج اس ایوان میں دو نام لیے جا رہے ہیں، میاں افتخار اور میاں نثار اور شکر الحمد للہ کہ میاں افتخار میرے قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں اور میاں راشد نے جو قربانی دی ہے تو یہ میرے قبیلے کے نام سے پورے پاکستان کیلئے اور پورے صوبہ پختونخوا کیلئے سنہرے الفاظ سے لکھی جائے گی۔ آج میں اس ایوان میں میاں راشد کی طرف سے میاں افتخار کو علامہ اقبال کے کچھ الفاظ شعروں میں بیان کرتا ہوں کہ:

ے
تیری محفل بھی گئی چاہنے والے بھی گئے
شب کی آہیں بھی گئیں صبح کی لالی بھی گئی
دل تجھے دے بھی گئے اپنا صلہ لے بھی گئے

آ کے بیٹھے بھی نہ تھے اور نکالے بھی گئے
ہائے عشاق گئے وعدہ فردالے کر
اب انہیں ڈھونڈ چراغ رخ زیبالے کر

جناب سپیکر، آج ان کی عمر آٹھائیس سال ہونے والی تھی اور ان کی منگنی ہونے والی تھی لیکن کاش کہ ان کو یہ دنیا تو نصیب نہ ہو سکی، ہم سب ان کے ساتھ ہیں اور اللہ کرے کہ اللہ پاک ان کو ان شہیدوں میں جگہ دے جو رہتی دنیا تک، قیامت تک زندہ رہیں گے اور اللہ تعالیٰ ہر کسی کو اس دنیا سے جب اٹھائے تو شہادت کا رتبہ دے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: نور سحر بی بی، نور سحر بی بی۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: تھینک یو سپیکر صاحب۔

ہم تو مٹ جائیں گے اے ارض وطن
لیکن تم کو زندہ رہنا ہے قیامت کی سحر ہونے تک

جناب سپیکر صاحب! (روتے ہوئے) آج جب میں گیٹ سے اندر داخل ہو رہی تھی تو مجھے اس طرح لگ رہا تھا کہ یہ ایوان رو رہا ہے، اس ایوان کی ہر کرسی رو رہی ہے، اس ایوان کی ہر اینٹ رو رہی ہے، سارے جہاں میں مجھے وہ نظر آ رہا تھا، مجھے اور کچھ نظر نہیں آ رہا تھا۔ ان کی اگر دشمنی تھی تو میاں صاحب کے ساتھ تھی، اس کو مار دیتے لیکن انہوں نے ان کو درد دینا تھا اور ماں باپ کو جو درد ملتا ہے تو اس کا احساس مجھے ہے کیونکہ مجھ پر یہ دن گزرے ہیں، اس رات میں چیخی ہوں، چلائی ہوں جس طرح اب میاں صاحب کے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا ہے کیونکہ میں خود اس درد سے گزر چکی ہوں۔ شہید بی بی کا کہنا کہ تم کو کیا معلوم ہے کہ جن گھروں میں جنازے جاتے ہیں اور جن گھروں سے جنازے اٹھتے ہیں تو ان کو احساس ہوتا ہے جن کے گھروں سے جنازے جاتے ہیں اور جن کے گھروں سے جنازے اٹھتے ہیں۔ ہم کو پتہ تھا کہ ان کے باپ گئے تھے، ان کے بھائی گئے تھے تو ان کو احساس تھا۔ انہوں نے کراچی کے دھماکوں کے بعد یہی بات کی تھی کہ احساس صرف ان کو ہوتا ہے جن پر یہ گزری ہوتی ہے۔ مجھ پر گزری ہے یہ قیامت، اس قیامت کا اندازہ سب سے زیادہ اس ایوان میں میں ہی کر سکتی ہوں کہ کیا قیامت ان پر گزر رہی ہے؟ کل میں اس ماں سے ملی ہوں جو بت بنی ہوئی بیٹھی تھی۔ کل میں اس بہن سے ملی تھی جو آنسوں کے بہانے، میں کہتی ہوں کہ وہ خون کے آنسوں رو رہی تھی۔ انہوں نے میاں صاحب کو کیا دکھ دیا؟ یہ کسی

کے بیٹے نہیں ہیں، یہ کسی کے بھائی نہیں ہیں، ان کو یہ احساس ہی نہیں ہے کہ ہم بھی کسی کی کوکھ سے جنم پا چکے ہیں؟ اس ماں کیلئے یہ سوچتے جو آج بت کی شکل میں بیٹھی ہوئی ہے، زیادہ دکھ تو اس کو ملا ہے کہ اس کا بیٹا چلا گیا ہے۔ میاں صاحب تو باہر پھرتے رہتے ہیں، سارا دکھ تو ماں اٹھاتی ہے، اولاد کا غم سب سے زیادہ ماں کو ہوتا ہے اور ان کو اس ماں کا احساس نہیں ہے، یہ اپنی ماں کے بیٹے نہیں ہیں، یہ مسلمان نہیں ہیں، یہ انسان نہیں ہیں، یہ کسی کے بیٹے نہیں ہیں، یہ کسی کے بھائی نہیں ہیں، یہ کسی کے گھروں میں پیدا نہیں ہوئے، پتہ نہیں کہ کہاں سے آ گئے ہیں؟ جن بھوت تو نہیں ہیں کہ کیا چیزیں یہ پیدا ہوئی ہیں؟ جناب سپیکر صاحب، اگر ایوان میں ہم آتے ہیں تو ہر دفعہ نیا دکھ لے کر آتے ہیں، ہر دفعہ ہم نیا رونا لے کر آتے ہیں لیکن اس دفعہ کا رونا سب سے مختلف ہے کیونکہ یہ اولاد کا غم ہے، اولاد کا غم خدا کسی کو بھی نہ دکھائے لیکن میں ان کو یہ پیغام دینا چاہتی ہوں کہ یہ میاں صاحب کو انہوں نے دکھ نہیں دیا، قرآن شریف میں آیا ہے اور بار بار آیا ہے کہ ظاہری دکھ جو میں آپ لوگوں پر لاتا ہوں تو آپ کو وہ دکھ نظر آتا ہے، آپ تو یہ کہتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے ہمارے ساتھ بڑی زیادتی کر لی ہے، سب سے زیادہ ظلم مجھ پر ہوا ہے لیکن کیا پتہ کہ آپ کو اس کے بدلے میں میں کیا دیتا ہوں۔ اس جہاں میں سب کہیں گے کہ کاش ہمارے بچے ہم سے پہلے قربان ہو کر یہاں آتے اور ہمیں وہ زندگی ملتی جس کیلئے ساری عمر ہم عبادت کرتے ہیں۔ میاں صاحب کو تو انہوں نے وہ دولت دے دی جس کیلئے وہ پوری زندگی بھی عبادت کرتے تو ان کو نہیں ملتی، ان کو وہ دولت انہوں نے عطا کر دی۔ اے نافرمانو، آپ کو نہ قرآن شریف کی آیت یاد ہے، نہ اسلام آپ کو یاد ہے۔ اسلام ہمیں کیا بتاتا ہے کہ شہید جو ایک دروازے پر کھڑے ہوں گے اور اپنے ماں باپ کا استقبال کرتے ہونگے جو ماں باپ دنیا سے اپنے شہیدوں کو رخصت کر کے آئے ہیں۔ کہتے ہیں کہ وہ ماں باپ بڑے خوش قسمت ہوتے ہیں کہ جن شہیدوں کے جنازے ان کے سامنے اٹھتے ہیں۔ ایک قہر نازل ہو جائے تم لوگوں پر، تمہیں تو یہ بات بھی یاد نہیں تھی کہ میاں صاحب کو تو ہم نے وہ زندگی دے دی، اس کی ماں کو وہ زندگی دے دی کہ وہ کبھی بھی خود عبادت کر کے نہیں پا سکتی تھی۔ میاں صاحب اگر دہشت گردی کے خلاف بولتے ہیں تو امن کیلئے بھی بولتے ہیں، اس صوبے کیلئے بولتے ہیں۔ کتنے بیٹوں کو تم مارو گے؟ یہ سارے پختونوں کے بیٹے میاں صاحب کے بیٹے ہیں۔ میاں صاحب سارے پختونوں کے باپ ہیں، وہ سارے پختونوں کیلئے لڑ رہے ہیں اور سارے پختون ان کے بیٹے ہیں۔ کیا ہوا کہ آج اس کا ایک بیٹا نہیں ہے، انشاء اللہ اس کی ایک بیٹی موجود ہے، خیر ہے کوئی بات نہیں ہے۔ جب انسان کی آنکھیں بند ہو جاتی ہیں تو نہ اس کا بیٹا کام آتا ہے اور نہ

اس کی بیٹی کام آتی ہے، ایک دفعہ تو ہمیں جانا ہے۔ میاں صاحب کی اگر غیرت کی زندگی میں ان کا بیٹا چلا گیا اور اگلے سال ہم چلے جائیں گے تو ساری دنیا رہ جائیگی۔ ان کا بیٹا اگر ہو یا نہ ہو، کیا فرق پڑتا ہے لیکن ان کو اذیت دینی تھی۔ اس اذیت کے بدلے میں اللہ میاں تمہیں کیا کیا اذیتیں دیں گے، یہ تمہیں وقت بتائے گا اور اللہ میاں بتائے گا۔ اس کے ساتھ میں ختم کرتی ہوں ایک شعر کے ساتھ:

ے د لویه خدایه مے ګله شی، د لویه خدایه مے ګله شی
چه میاں صاحب په همزولو کښے بے ځویه ځی

<u>جناب سپیکر:</u> اسرار اللہ خان جی۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر:</u> ایک منٹ، انڈیپنڈنٹ گروپ سے بھی۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر:</u> ان سے بھی۔ جی اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب!

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> شکریہ، سر۔ سر، آج اس دکھ کے موقع پر میں سمجھتا ہوں کہ میاں صاحب کے ساتھ نہ صرف اس ایوان کا ہر فرد، اس صوبے کے عوام بلکہ اس ملک کا ہر ایک شہری ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں کیونکہ ہم ان کے نظریات سے تو اختلاف کر سکتے تھے لیکن جس طریقے سے وہ اپنے نظریات کے حق میں دلائل دیتے تھے اور ان کا جو عقیدہ تھا، میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کا ہر فرد اس کو عقیدت اور احترام کی نظر سے دیکھتا تھا۔ جناب سپیکر، مجھ سے پہلے اس تہنیتی قرارداد یا آپ کے اجلاس میں جو باتیں ہوئی ہیں اپوزیشن کی طرف سے یا گورنمنٹ کی طرف سے، میں اس میں ایک دو باتیں Add کرنا چاہونگا سر، اور وہ یہ کہ میاں صاحب کو جو دکھ ملا ہے، وہ بہت بڑا ہے اور ان کو، ہر انسان کے جینے کا ایک مقصد ہوتا ہے، یہ سیاست اگر ہم کرتے ہیں، اپنی فیملی کا ایک نام ہوتا ہے جو کہ پیچھے سے ایک Legacy آتی ہے، آدمی کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ اس کو آگے لیکر Next generation تک لیجائے، میں سمجھتا ہوں سر، کہ جس طریقے سے بلور صاحب نے آج ان کے گھریلو حالات ہمارے سامنے رکھے کہ ان کے اگر دو بھائی ہیں، تو ان کا بھی نرینہ اولاد نہیں ہے اور اگر ایک چشم و چراغ تھا تو وہ بھی آج ظالموں نے ان سے چھین لیا، میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان سے آج جو بھی کارروائی ہو، وہ صرف اور صرف میاں صاحب کی ذات اور میاں راشد تک محدود ہونی چاہیئے۔ کراچی کے واقعات، مرکز کی پالیسیاں یا جو بھی ایسے

نکات ہیں سر، اس پر ہم بعد میں بھی بات کر سکتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایسا بندہ جس نے اپنے عقائد کیلئے آج اتنا بڑا دکھ جھیلا ہے تو اس کو ایک سپورٹ کی ضرورت ہے اور وہ سپورٹ اگر یہ ایوان اس شکل میں دے دے کہ وہاں سے اگر کسی پارٹی کے ہیڈ کیلئے یا یہاں کے سابق سپیکر حضرات کیلئے یا کسی ایسے سابق وزرائے اعلیٰ کیلئے ایک قرارداد خصوصی طور لائی جاتی ہے، جو دن ہوتا ہے یا اس کی کارروائی ہوتی ہے، وہ ان کے اعزاز میں مختص ہوتی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ آج کی جو کارروائی ہے، ہمیں صرف میاں صاحب اور ان کا جو دکھ ہے، اس سلسلے میں کرنی چاہیئے اور جس قسم کی بھی اگر قرارداد ہو تو وہ صرف اور صرف اس فیملی کیلئے ہو، اس میں دکھ، افسوس اور ان کا جو جذبہ اور ہمت ہے تو ہمیں ان کو سلام پیش کرنا چاہیئے۔ شکریہ، سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔ بشیر بلور صاحب۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات):</u> اسرار اللہ گنڈا پور صاحب نے جو بات کہی ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہمارے آج کے اجلاس کا، میں نے آپ سے ریکویسٹ بھی کی تھی، میں نے لیڈرز سے بھی بات کی تھی کہ آج کے اجلاس میں صرف ہماری خواہش یہ تھی کہ ہم میاں صاحب کو خراج عقیدت پیش کریں۔ انہوں نے جو اتنی بڑی قربانی دی ہے، اس کو ہم ہائی لائٹ کریں۔ انہوں نے جو کچھ کیا، ان کے بیٹے کے ساتھ جو ظلم ہوا، وہ ایک تاریخی واقعہ ہوا ہے جس کو ہم کبھی بھی نہیں بھول سکیں گے اور انشاء اللہ ہماری نسلیں بھی میاں صاحب کے، ہمارا سارا ہاؤس جو ہے، ان کا شکر گزار ہے کہ میاں صاحب نے ہمیشہ بہادری اور اپنی جرات کا مظاہرہ کیا ہے اور میں یقین سے کہتا ہوں کہ انشاء اللہ میاں صاحب اس کے بعد بھی اس سے زیادہ جرات اور بہادری کا مظاہرہ کریں گے، اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ مگر میں ساتھ یہ بھی عرض کرتا ہوں کہ اس وقت ہمارے کراچی کے جو حالات ہیں تو وہاں بھی ضروری ہے کہ ہم اپنے پختونوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کریں۔ میاں صاحب کیلئے کوئی قرارداد کی ضرورت نہیں ہے، ہمیں اپنے حالات کا پتہ ہے اور ہم جو کچھ کر رہے ہیں، آج میاں صاحب، کل ہمارے تقریباً پچپن لوگ ایک جگہ پر شہید ہوئے تھے تیمر گرہ میں، ہمارے یہاں بھائی شہید ہوئے، ایم پی اے صاحبان، ہمیں تو دکھ ہے اور وہ دکھ ہمیشہ اور ساری عمر ہمارے سینوں میں رہیگا مگر وہاں ہمارے پختونوں کے ساتھ جو ہو رہا ہے تو میری ریکویسٹ یہ ہو گی ہاؤس سے اور آپ سے کہ اگر آپ مہربانی کریں، رول 240 کے تحت رول 124 کی سسپنشن کی درخواست کرتا ہوں کہ اگر ہاؤس سے پوچھ لیں اور مجھے اجازت دیں تاکہ ہم یہ قرارداد پیش کریں جو کہ کراچی کے بارے میں ہے،
I will be grateful.

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the rule 124 may be suspended under rule 240, to allow the honourable Minister and Members to move their resolution? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: 'Ayes' have it. The honourable Minister/Members to please move their resolution.

## کراچی میں پختونوں کے قتل عام کے بارے میں قرارداد مذمت

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر(بلدیات)}: ډیره مهربانی، سپیکر صاحب۔ "صوبہ خیبر پختونخوا کے تمام منتخب نمائندے کراچی کے پختونوں کے قتل عام کی شدید مذمت کرتے ہیں اور بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ قتل عام فوری طور پر بند کیا جائے اور اس عمل میں جو لوگ یا سیاسی جماعتیں ملوث ہیں،ان کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور ملزمان کو گرفتار کرکے سخت سے سخت سزا دی جائے۔ ہم یہ منتخب نمائندے ان کی غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم ان کے ساتھ ہیں۔ نیز ہم مرکزی حکومت اور سندھ کی حکومت سے بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ کراچی میں پختونوں کی مکمل حفاظت کا بندوبست کریں اور مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے"۔ میں ریکویسٹ کرونگا ہاؤس سے کہ اس کو منظور کیا جائے۔

جناب سپیکر: جناب عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! شکریہ۔ "صوبہ خیبر پختونخوا کے تمام منتخب نمائندے کراچی کے پختونوں کے قتل عام کی شدید مذمت کرتے ہیں اور بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ قتل عام فوری طور پر بند کیا جائے اور اس عمل میں جو لوگ یا سیاسی جماعتیں ملوث ہیں،ان کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور ملزمان کو گرفتار کرکے سخت سے سخت سزا دی جائے۔ ہم یہ منتخب نمائندے ان کی غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم ان کے ساتھ ہیں۔ نیز ہم مرکزی حکومت اور سندھ کی حکومت سے بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ کراچی میں پختونوں کی مکمل حفاظت کا بندوبست کریں اور مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے"۔

جناب سپیکر: جی جناب سکندر خان شیرپاؤ صاحب۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ "صوبہ خیبر پختونخوا کے تمام منتخب نمائندے کراچی کے پختونوں کے قتل عام کی شدید مذمت کرتے ہیں اور بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ قتل عام فوری طور پر بند کیا جائے اور اس عمل میں جو لوگ یا سیاسی جماعتیں ملوث ہیں، ان کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور ملزمان کو گرفتار کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے۔ ہم یہ منتخب نمائندے ان کی غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم ان کے ساتھ ہیں۔ نیز ہم مرکزی حکومت اور سندھ کی حکومت سے بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ کراچی میں پختونوں کی مکمل حفاظت کا بندوبست کریں اور مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے"۔

جناب سپیکر: حاجی قلندر خان لودھی صاحب، آپ، سوری، جی نگہت اورکزئی بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: "صوبہ خیبر پختونخوا کے تمام منتخب نمائندے کراچی کے پختونوں کے قتل عام کی شدید مذمت کرتے ہیں اور بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ قتل عام فوری طور پر بند کیا جائے اور اس عمل میں جو لوگ یا سیاسی جماعتیں ملوث ہیں، ان کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور ملزمان کو گرفتار کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے۔ ہم یہ منتخب نمائندے ان کی غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم ان کے ساتھ ہیں۔ نیز ہم مرکزی حکومت اور سندھ کی حکومت سے بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ کراچی میں پختونوں کی مکمل حفاظت کا بندوبست کریں اور مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے"۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جی قلب حسن صاحب! یہ آپ کا-----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: درانی صاحب! تاسو به د ټولو نه وروستو کوئ۔ جی منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر! "صوبہ خیبر پختونخوا کے تمام منتخب نمائندے کراچی کے پختونوں کے قتل عام کی شدید مذمت کرتے ہیں اور بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ قتل عام فوری طور پر بند کیا جائے اور اس عمل میں جو لوگ یا سیاسی جماعتیں ملوث ہیں، ان کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور ملزمان کو گرفتار کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے۔ ہم یہ منتخب نمائندے ان کی غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم ان کے ساتھ ہیں۔ نیز ہم مرکزی حکومت اور سندھ کی حکومت سے بھرپور

مطالبہ کرتے ہیں کہ کراچی میں پختونوں کی مکمل حفاظت کا بندوبست کریں اور مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے"۔ شکریہ، جناب۔

جناب سپیکر: جی، جناب فضل اللہ صاحب۔

جناب فضل اللہ: "صوبہ خیبر پختونخوا کے تمام منتخب نمائندے کراچی کے پختونوں کے قتل عام کی شدید مذمت کرتے ہیں اور بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ قتل عام فوری طور پر بند کیا جائے اور اس عمل میں جو لوگ یا سیاسی جماعتیں ملوث ہیں، ان کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور ملزمان کو گرفتار کرکے سخت سے سخت سزا دی جائے۔ ہم یہ منتخب نمائندے ان کی غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم ان کے ساتھ ہیں۔ نیز ہم مرکزی حکومت اور سندھ کی حکومت سے بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ کراچی میں پختونوں کی مکمل حفاظت کا بندوبست کریں اور مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے"۔ شکریہ جی۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاؤس کو Put کریں جی۔

جناب سپیکر: جی، اکرم خان درانی صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، ہاں، درانی صاحب۔

Mr. Speaker: Janab Muhammad Akram Khan Durrani Sahib, Leader of the Opposition to please move the resolution.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): محترم سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ۔ سپیکر صاحب، یہاں پر جب باتیں ہوئیں تو تقریباً میں نے دو قراردادوں کی بات کی، ایک قرارداد تو یہ ہے، اس کے ساتھ بھی ہم متفق ہیں۔ ایک پختون وہ ہیں جن کا آج قتل عام بھی ہو رہا ہے اور نقصان بھی ہو رہا ہے جو سرزمین سندھ پر ہیں اور وہ پختون جو یہاں پر اپنے صوبہ خیبر پختونخوا میں ہیں۔ میں نے جس قرارداد کی بات کی، جو مرکز نے متفقہ طور پر پاس کی ہے، اس سے متعلق یہاں پر جو رہنے والے ہمارے پختون ہیں، اس کا کیا حل ہے؟ اس میں ان کا حل ہے۔ ٹھیک ہے، مجھے معلوم نہیں کہ گورنمنٹ کو اس دوسری قرارداد سے کیا خار ہے؟ ان کو شاید کوئی تکلیف ہو گی لیکن میں ریکارڈ پہ لانا چاہتا ہوں کہ ہم یہاں پر ہزار بار جذباتی تقریریں کریں لیکن جب تک ہم نے اصل مسئلے کا حل ڈھونڈا نہیں ہے یا ہم نے اس کی طرف قدم نہیں رکھا ہے، یہ ہم جذباتی تقریریں بھی کریں گے لیکن اس گھر سے آپ پوچھیں جہاں پر کوئی اس کا شکار ہوا ہو، باقی تو ہم بات کر لیتے ہیں لیکن غم میں وہ گھر ہی ڈوبا رہتا ہے جس کو اصل نقصان پہنچا ہے۔ باقی میری دوبارہ گزارش

ہے کہ ہم اس پہ آج یا کل بیٹھ جائیں گے اور تفصیلاً اس قرارداد کو بھی پڑھ لیں گے اور کوشش یہ کریں گے کہ ہم اس سرزمین کے پختونوں کو بھی قتل عام سے اور جو یہاں پہ تکلیف ہے، اس سے بچالیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ اچھی بات ہو گی۔ آپ سارے پارٹی لیڈرز جتنے بھی ہیں، بیٹھ جائیں آپس میں اور Consensus کے ساتھ جو بھی آپ سامنے لائیں گے تو ہم اس پہ عمل کریں گے۔ ابھی قرارداد پیش کریں جی۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: جناب سپیکر صاحب! "صوبہ خیبر پختونخوا کے تمام منتخب نمائندے کراچی کے پختونوں کے قتل عام کی شدید مذمت کرتے ہیں اور بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ قتل عام فوری طور پر بند کیا جائے اور اس عمل میں جو لوگ یا سیاسی جماعتیں ملوث ہیں، ان کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور ملزمان کو گرفتار کرکے سخت سے سخت سزا دی جائے۔ ہم یہ منتخب نمائندے ان کی غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم ان کے ساتھ ہیں۔ نیز ہم مرکزی حکومت اور سندھ کی حکومت سے بھرپور مطالبہ کرتے ہیں کہ کراچی میں پختونوں کی مکمل حفاظت کا بندوبست کریں اور مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے"۔

<u>جناب غنی داد خان</u>: جناب سپیکر! یہ لفظ غلط پڑھا گیا ہے، یہ 'بھرپور' نہیں ہے، 'پرزور' مطالبہ، معافی چاہتا ہوں۔ (قہقہہ)

<u>جناب سپیکر</u>: اس میں یہ لفظ چینج کیا جائے، Revised & amended۔

The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Members/Minister may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

(Applause)

<u>Mr. Speaker</u>: The sitting is adjourned till 04:00 pm thursday 29th July. Thank you.

---

(اسمبلی کا اجلاس مورخہ 29 جولائی 2010ء بروز جمعرات سہ پہر چار بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)